14 اپریل 2021ء


# پی سی آر ٹیسٹ کا نمونہ حاصل کرنے کا طریقۂ کار

* شروع کرنے سے پہلے اس بات کو یقینی بنائیں کہ جس جگہ پر آپ موجود ہیں وہ جگہ اچھی طرح ہوا دار ہے، وہاں 2 میٹر سے کم فاصلے پر کوئی اور شخص موجود نہیں اور ٹیسٹ کی درخواست کے تمام کوائف درست ہیں۔


1/ اپنے ہاتھ دھوئیں




2/ ٹیسٹ کٹ کا سامان کھولیں، اس میں سے سویب اور پلاسٹک ٹیوب نکالیں۔




3/ اس میں موجود معلوماتی پرچی کو پلاسٹک ٹیوب پر عمودی (اوپر سے نیچے) چسپاں کریں



4/ درخواست کی دوسری معلوماتی پرچی کو درخواست فارم پر چسپاں کریں




5/ حفاظتی ماسک نیچے کریں تاکہ ناک کے نتھنے ننگے ہو جائیں



6/ سویب کو ناک کے ہر نتھنے میں دو سنٹی میٹر تک داخل کریں


* اس دوران آپ کو معمولی بے چینی محسوس ہوگی




7/ ناک کی اندرونی دیواروں کے ساتھ دبا کر سویب کو پانچ سیکنڈ تک گھمائیں




8/ سویب کو آرام سے باہر نکال لیں اور ماسک پہن لیں



9/ سویب کو پلاسٹک ٹیوب میں ڈالیں، اور توڑنے کی جگہ سے باقی حصے کو توڑ کر پلاسٹک ٹیوب کو بند کر دیں



10 / پلاسٹک ٹیوب کو اُس کے ساتھ آئے چھوٹے پلاسٹک بیگ مں ڈالیں اور پھر اُسے ٹیسٹ والے ڈبے میں ڈال دیں



11/ میز کو ڈس انفیکٹ کریں اور اپنے ہاتھ دوبارہ دھوئیں



اس QR کوڈ کے ذریعے اس بارے معلوماتی ویڈیو دیکھیں

2021. © Generalitat de Catalunya. Servei Català de la Salut. (14/04/2021)